مطالعہ کی میز پر

تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

تبصرہ کیلئے دو کتب کا آنا ضروری ہے (ادارہ)

ماہ رمضان المبارک، فضائل، مسائل، احکام

مصنف: ابوانیس ابوبکر صدیق

نظرثانی: فضیلۃ الشیخ حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ فیصل آباد

صفحات: 24 قیمت: 10 روپے

ناشر: ابوانیس اسلامک ریسرچ سنٹر حسین خان والا ہٹھار، قصور، پاکستان

ابوانیس مولانا ابوبکر صدیق صاحب نے اس سال جامعہ سلفیہ سے سند فراغت حاصل کی ہے۔ وہ باصلاحیت نوجوان عالم دین ہیں۔ تقریر و تحریر کا ذوق عمدہ ہے۔ دین کی نشر و اشاعت کا جذبہ صادقہ رکھتے ہیں۔ علمی خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ معروف مصنف و مترجم اور مدرس مولانا حافظ محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ رشتے میں ان کے نانا ہیں۔

باریں نگاہ کتاب مولانا ابوبکر صاحب کی قابل قدر کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے رمضان المبارک کے فضائل و مسائل اور احکام بڑے عمدہ پیرائے میں ضبط کتابت میں لانے کی سعی کی ہے۔ اور مسائل کو نکھار کر پیش کیا ہے۔ یہ کتاب اپنے مشمولات کے اعتبار سے نہایت عمدہ ہے۔ لائق مصنف نے روزہ کی فضیلت، سحری کی اہمیت قیام اللیل، روزے کے فوائد و برکات، اعتکاف، لیلۃ القدر کی فضیلت، صدقہ فطر، احکام عید الفطر وغیرہ موضوعات پر احادیث بیان کی ہیں کتاب ظاہری و باطنی خوبیوں سے مزین ہے۔ اس میں موجود مواد قابل اعتماد مآخذ سے لیا گیا ہے۔ اور صحیح احادیث کو ہی درج کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ کاغذ، پرنٹنگ، اور جاذب نظر خوبصورت لیمینیشن ٹائٹل نے اس کتاب کے حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔ ہم اس کتاب کے مطالعہ کی ہر بھائی کو دعوت دیتے ہیں۔

جادو اور نظر بندی

تالیف: فضیلۃ الشیخ صالح بن فوزان

ترجمہ و اضافہ: حافظ محمد الیاس سلفی بن مفتی عبدالقہار سلفی

ملنے کا پتہ: مکتبہ اشاعت الکتاب والسنۃ، جامع مسجد محمدی، محمد بن قاسم روڈ کراچی نمبر 1

جادو وہ زہر ہلاہل ہے جو اچھے بھلے صحت مند انسان کو لمحوں میں قبر کی آغوش میں پہنچا دیتا ہے کتنے ہی افراد اور گھرانے ایسے ہیں جو جادو بھرے تعویذوں سے دکھ اور تکلیف کی زندگی گزار رہے ہیں ہمارے معاشرے میں ایسے بہت سے شریر لوگ رہتے ہیں جو جادو سے دوسروں کی زندگی عذاب بنائے ہوئے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں جادو اور نظر بندی کے خطرناک نقصان اور اس سے بچاؤ کی تدابیر و علاج کو قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں جادو کی اقسام، علماء و حکام کی ذمہ داریاں، یہودیوں میں جادوگری کا دھندہ، جادو کی تباہ کاریاں جادو کرنے والوں کی سزا، جادو سے بچاؤ کی تدبیریں اور علاج وغیرہ پر تفصیلی بحث کی گئی ہے۔ کتاب کو عربی زبان سے اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے ہر بھائی کو چاہئے کہ وہ یہ کتاب منگوا کر پڑھے ایسی کتب کا مطالعہ نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔

مسلمان اور کافر میں فرق صرف نماز ہے۔ (حدیث)
امین کیمیکلز
AC
Ph: 640340,634226 امپورٹ اینڈ سٹاکسٹ آف کیمیکلز
Mob: 0303-6701190
Res: 634399 پروپرائٹرز ایس ایم بلال امین
بالمقابل ایم۔سی۔بی۔گول کریانہ، ریل بازار، فیصل آباد

جماعت کے نامور خطیب قاری تاج محمد شاکر، خطیب جامع مسجد قباء ضیاء مصطفےٰ اہلحدیث پتوکی کا نیا ٹیلی فون نمبر درج ذیل ہے
04942-423508